25/03/2025

12.30 PM

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی کا سرینگرسٹیشن ہے ۔

اب آپ اعجازہ اخترسے خبریں سُنیے۔

اسمبلی

جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی کا بجٹ اجلاس خوش اسلوبی کے ساتھ جاری ہے اور کل محکمہ زرعی پیدا وار ، دیہی ترقیات ، امداد باہمی نیز الیکشن ڈیپارٹمنٹس کیلئے مطالبات زر منظور کئے گئے ۔

تفصیلات کے مطابق محکمہ زراعت کیلئے قریب25ارب 83 کروڑ 70لاکھ روپے // محکمہ پشو پالن اور شیپ ہسبنڈی کیلئے12ارب28کروڑ 99لاکھ58ہزار //ماہی پروری کیلئے2ارب 25کروڑ24لاکھ86ہزار // محکمہ دیہی ترقیاتی کیلئے47ارب 54کروڑ85لاکھ 95ہزار روپے// شعبہ باغبانی کیلئے 7ارب 4کروڑ29لاکھ 33ہزار روپے // جبکہ چناؤ محکمے کیلئے3ارب 59کروڑ60 لاکھ43 ہزار روپے کی رقم کو منظوری دیدی ہے۔

عمر اسمبلی

درینا ثنا وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے اسمبلی میں جانکاری دی ہے کہ محکمہ منصوبہ بندی کا کام کاج// فائنانس ڈیپارٹمنٹ کو منتقل کرنے کامنصوبہ زیر غور ہے اور اس سلسلے میں جو بھی تبدیلیاں کی جائیں گی ان پر عملدار آمد بھی کیا جائےگا۔ وہ جاویدحسن بیگ کے ایک ضمنی سوال کا جواب دے رہے تھے۔

عمر عبداللہ نے بجٹ کی تخصیص میں اصلاحات کا ذکر کرتے ہوئے اس بات کی یقین دہانی کرائی کہ GP-فنڈ کی بر وقت پر واگذاری یقینی بنانے کیلئے ہر ممکن کوشش کی جا رہی ہے

مندیپ کور

مکانات و شہری ترقی کے محکمے کی کمشنر سیکریٹری مندیپ کور نے جموں کشمیر میں کام کرنے والے مختلف مالیاتی اداروں اور جموں کشمیر بینک کے سینئر حکام کے ساتھ اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ کرکے پردھان منتری آواس یوجنا شہری (دوئم)کے تحت سود پر سبسڈی کی اسکیم کا جائزہ لیا۔

اربن کیلئے انٹرسٹ سبسڈی اسکیم پر با اثر PMAYمیٹنگ میں اس بات پر توجہ مرکوز رہی کہ عمل آوری یقینی بنائی جانی چاہئے ۔

ڈی سی سرینگر

ڈپٹی کمشنر سرینگر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران آنے والے جمعتہ الوداع، شب قدر اور عیدالفطر کی تقریبات کے سلسلے میں انتظامات اور تیاریوں کا جائزہ لیا۔

ایک علیحدہ میٹنگ میں ڈپٹی کمشنر موصوف نے آئندہ نو راترا تہوار کے سلسلے میں بھی ضلع مینکئے جارہے انتظامات کا جائزہ لیا۔نو راتری کے سلسلے میں 30مارچ کے علاوہ 5اور6اپریل کو ضلع میں تقریبات کا انعقاد ہو گا۔

بانڈی پورہ

ڈپٹی کمشنربانڈی پورہ منظور احمد قادری نے شب قدر ، جمعتہ الوداع اور عیدالفطر کی تقریبات کے سلسلے میں انتظامات کو حتمی شکل دینے کی غرض سے ضلع افسروں کی ایک میٹنگ کی صدارت کی۔

انہوننے سبھی متبرک ایام کی تقریبات کو احسن طریقے پر منانے کیلئے تمام ضروری انتظامات اور تیاریاں مکمل کرنے کی ہدایت دی جن میں خاص طور پر پانی ، بجلی ، صفائی ستھرائی ، ٹریفک ، سلامتی اور طبی سہولیات شامل ہیں۔

شوپیان

شوپیان پولیس نے غیر قانونی سرگرمیوں کی روکتھام سے متعلق ایکٹ کے تحت ایک معاملے کے سلسلے میں ضلع میندو افراد کے رہائشی مکانونمیں تلاشی کارروائی عمل میں لائی۔

شوپیان میں محمد امین پرے اور بلہ پورہ Kundalan تفصیلات کے مطابق یہ تلاشی کارروائی گنو پورہ کے محمد ندیم ملک کے مکانوں میں عمل میں لائی گئی۔

گاندربل

ڈپٹی کمشنر گاندربل جتن کشور کی صدارت مینضلع سطح کی کمیٹی کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی، جس مینہالسٹک ایگریکلچر ڈیولپمنٹ پروگرام کے تحت موصول درخواستوں پر غور و خوض کیاگیا ۔

کمیٹی نے مختلف زمروں مینایک ہزار535معاملات کیلئے معاونت کی منظوری دی گئی۔

منشیات

شوپیان ضلع میں محکمہ ڈرگ کنڑول نے پولیس اور مال محکموں کے اہلکاروں کے ساتھ مل کر مین شوپیان اور حرمین علاقوں مینمیڈیکل تنصیبات کا تفصیلی معائنہ کیا تاکہ یہ بات یقینی بنائی جا سکے کہ ادویات سے متعلق مقرر کردہ ضوابط پر عملدر آمد ہو ۔

اسی دوران شوپیان ضلع مینمحکمہ تعلیم کے چُننده ریسورس افراد کیلئے منی سیکریٹریٹ میں مہم کے تحت ایک تربیتی پروگرام منعقد کیاگیا ۔ ضلع کے ایڈیشنل ترقیاتی IEC منشیات سے متعلق کمشنر ڈاکٹر نصیر احمد لون نے ان افراد کو مشورہ دیا کہ وہ منشیات کے خلاف جانکاری پھیلانے میں بطور سفیر کام کریں۔

امداد

نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے سلسلے کے تحت ضلع اطلاتی مرکز بانڈی پورہ اور مجلس شعبان کے باہمی اشراک سے بائز ہائر اسکنڈری اسکول نادی ہل میں ایک مشاعرے اور ادبی پروگرام کاانعقاد کیا گیا۔

دریں اثنا ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ منظور قادری نے جمونکشمیر بینک کو پانچ کروڑ 10لاکھ روپے کاایک چیک سونپ دیا ہے جو ضلع مینبلڈنگ اینڈ ادر کنسٹریکشن ورکرس کے مستحقین کے بچوں میں بطور تعلیمی امداد تقسیم کی جائےگی۔